# 25-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔نائب صدر جگدیپ دھنکر نے آج ضلع میدک کے کونڈی پلی منڈل میں واقع کرشی وگیان کیندرا کا معائنہ کیا۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سرکاری اسکیمات میں دلتوں، قبائلیوں اور عیسائیوں کو ترجیح دی جارہی ہے۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ جمہوریت، دستور اور امبیڈکر کے معاملہ میں بی جے پی کو کانگریس کے سٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ بھر میں کرسمس تقاریب منائی جارہی ہیں۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ضلع میدک میں 192 کروڑ روپے مالیتی مختلف ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کیا۔اس کے علاوہ انہوں نے میدک چرچ میں کرسمس تقاریب میں بھی شرکت کی۔اِس موقع پر ریونت ریڈی نے کہا کہ میدک چرچ جس نے اپنے قیام کے 100 سال مکمل کرلئے ہیں، عبادت کے ایک بہترین مقام کی حیثیت سے شناخت بنائی ہے۔سی ایم نے اِس بات پر زور دیا کہ سرکاری اسکیمات کے معاملہ میں دلتوں، قبائلیوں اور عیسائیوں کو ترجیح دی جارہی ہے جبکہ انہوں نے یقین دلایا کہ اندراماں مکانات کے الاٹمنٹ میں بھی اِن ہی طبقات کو فوقیت دی جائے گی۔اس سے پہلے انہوں نے مقامی مندر میں پوجا کی۔اس موقع پر پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ، وزراء دامودر راج نرسمہا، کونڈا سریکھا اور سرینواس ریڈی بھی موجود تھے۔

○○

فلم پروڈیوسر الوا روند نے سندھیا تھیٹر میں پیش آئے بھگدڑ واقعہ کے متاثرین کے خاندان کو دو کروڑ روپے بطور ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کمس ہاسپٹل پہنچ کر سری جیت نامی لڑکے کی عیادت کی، جو وہاں زیر علاج ہے۔اروند نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ الوارجن نے ایک کروڑ روپے عطیہ دیا ہے جبکہ فلم پشپا2 کے پروڈیوسرس 50 لاکھ روپے اور ڈائرکٹر شیو کمار 50 لاکھ روپے دیں گے۔اروند نے ان رقومات پر مشتمل چکس ایف ڈی سی چیرمین دل راجو کے حوالہ کئے۔

○○

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانڈ اسسٹس مانیٹرنگ اینڈ پروٹیکشن ایجنسی (ہائیڈرا) نے شہر میں جھیلوں کی حفاظت کے لئے ایک نیا منصوبہ جاری کیا ہے۔ہائیڈرا کے کمشنر رنگناتھ نے بتایا کہ ایجنسی کی جانب سے جھیلوں کے تحفظ کے لئے نیشنل ریموٹ سنسنگ سنٹر کا استعمال کیا جائے گا۔انہوں نے اس سنٹر کے ڈائرکٹر پرکاش چوہان اور ڈپٹی ڈائرکٹر سرینواس سے اس سلسلہ میں بات چیت کی۔

○○

پولیس نے سندھیا تھیٹر واقعہ کے تعلق سے سوشیل میڈیا پر جھوٹی اطلاعات پوسٹ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔

پولیس کے مطابق محکمہ پولیس کے خلاف جان بوجھ کر تنقید کرنے والوں کو سنجیدگی سے لیا جائے گا۔ پولیس نے کہا کہ اگر کسی کے پاس مذکورہ واقعہ کے تعلق سے کوئی ثبوت ہے یا کسی طرح کی اطلاع ہے تب اسے چاہئے کہ اسے پولیس سے رابطہ کرے۔

○○

اے سی بی کے عہدیداروں نے فارمولہ ای۔ ریس کیس کے سلسلہ میں درخواست گزار اور پرنسپل سکریٹری بلدی نظم ونسق دانا کشور کا بیان قلمبند کیا ہے۔ اس بیان کی بنیاد پر امکان ہے کہ اے سی بی کی جانب سے بی آر ایس کے کارگزار صدر و سابق وزیر تارک راما راؤ اور سابق اسپیشل چیف سکریٹری اروند کمار کو نوٹسیں جاری کی جائیں گی۔ اس سال 18 اکتوبر کو دانا کشور نے اے سی بی کے پاس ایک شکایت درج کراتے ہوئے الزام عائد کیا تھا کہ فارمولہ ای۔ ریس کو منعقد کرنے کے لئے قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک بیرونی کمپنی کو رقم ادا کی گئی۔

○○

یدادری کے ضلع کلکٹر ہنمنت راؤ نے ضلع میں بالا مورتھم میں مبینہ بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں مختلف آنگن واڑی ٹیچرس کو معطل کر دیا ہے۔ یدادری گٹہ، منتاپوری، پوٹہ گوڑم اور متکورمیں واقع سات آنگن واڑی مراکز میں برسر خدمت اساتذہ کو معطل کیا گیا ہے۔

○○

وزیر اعظم نریندر مودی سوامیتوا اسکیم کے تحت جمعہ کو 50 لاکھ سے زائد پراپرٹی کارڈس تقسیم کریں گے۔ اس کے علاوہ، وہ اس اسکیم کے استفادہ کنندگان سے بات چیت بھی کریں گے۔ پنچایت راج کی وزارت نے کہا کہ اِس اسکیم سے زمینداروں کو فائدہ پہنچے گا۔

○○

امکنہ کے ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں اندراماں مکانات کی تعمیر کا سلسلہ سنکرانتی تک شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست بھر میں اندراماں مکانات کے لئے موصولہ 32 لاکھ درخواستوں کا سروے مکمل کرلیا گیا ہے۔ وزیر نے یہ بھی بتایا کہ ہاؤزنگ اسکیم کے لئے بہت جلد ایک مخصوص ویب سائٹ اور ٹول فری نمبر شروع کرنے کا بھی منصوبہ ہے۔ 33 اضلاع میں مکانات کی تعمیر پر نظر رکھنے کے لئے پروجیکٹ ڈائرکٹرس کو مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر نے بتایا کہ آئندہ چار سال کے دوران کم از کم 20 لاکھ مکانات تعمیر کئے جائیں گے جبکہ ہر سال ساڑھے لاکھ مکانات کی تعمیر کا نشانہ ہے۔

○○

میدک چرچ میں کرسمس تقاریب جاری ہیں۔ یہ ایشیاء کا دوسرا سب سے بڑا چرچ ہے۔ صبح ساڑھے چار بجے سے کرسمس تقاریب کا آغاز ہوا۔ انچارج دیشب ریو بن مارک نے مذہبی پیغام سنایا اور کرسمس کی مبارکباد دی۔

○○

آنجہانی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کی 100 ویں یوم پیدائش تقاریب آج تلنگانہ بھر میں منائی گئی۔ مختلف مقامات پر واجپائی کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے گئے۔ اِس موقع پر خون کا عطیہ کیمپس، ریالیاں اور مختلف پروگرام منعقد کئے گئے۔ حیدرآباد میں واقع بی جے پی کے

اسٹیٹ آفس میں مرکزی وزرا کشن ریڈی، بنڈی سنجے اور راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر لکشمن نے واجپائی کے پوٹریٹ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ بی جے پی یووا مورچہ کی جانب سے ٹینک بنڈ سے پارٹی آفس پر ایک ریالی نکالی گئی اور بلڈ ڈونیشن کیمپ منعقد کیا گیا۔

OO

تلنگانہ بھر میں آج کرسمس منایا گیا۔ اِس موقع پر عوام نے کرسمس ٹری لگاتے ہوئے اپنے گھروں کو سجایا اور ایک دوسرے کو تحفے پیش کئے۔ گرجا گھروں میں خصوصی پروگرامس منعقد کئے گئے۔ حکومت کی جانب سے سکریٹریٹ میں ایک کرسمس ٹری لگایا گیا۔ دونوں شہروں کے بڑے چرچوں میں کرسچن طبقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کرسچن تنظیموں کی جانب سے مختلف کلچر پروگرام منعقد کئے گئے۔ ریاستی گورنر جشنو دیو ورما اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عوام کو مبارکباد دی۔

OO

اکسائز اور ریلوے پولیس نے کاماریڈی ریلوے اسٹیشن پر 100 کلوگرام کا لا گڑ ضبط کرلیا۔ یہ کارروائی سکندرآباد جانے والی دیوگری اکسپریس میں جانچ کے دوران کی گئی۔ اکسائز کے سی آئی وجئے کمار نے بتایا کہ اِس گڑ کو لے جانے والے شخص کی ابھی شناخت نہیں ہو پائی ہیے۔

OO

آصف آباد ضلع مارکیٹنگ آفیسر اشفاق احمد نے اعلان کیا ہے کہ آصف آباد، کاغذنگر، سرپور، کورٹلہ اور جئے نور کی ملوں میں کپاس کی خریدی کا سلسلہ جز وقتی طور پر پانچ دن کے لئے روک دیا گیا ہے۔ آج سے اِس ماہ کی 29 تاریخ تک کاٹن کی خریداری کا سلسلہ بند رہے گا۔ اِس کی وجہ کاٹن کی بڑے پیمانے پر قلت ہے۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ اِس دوران کسی درمیانی آدمی کو کپاس فروخت نہ کریں جس سے انہیں نقصان ہوسکتا ہے۔

OO

بی آر امبیڈکر کی توہین اور دستور کے معاملہ میں بی جے پی کو نشانہ بنانے پر کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ یہ کانگریس پارٹی ہی ہے جس نے کئی مرتبہ دستور کے معمار کی توہین کی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس دستور کے بارے میں بڑی باتیں کرتی ہے، تاہم اسی نے ایمرجنسی لگاتے ہوئے کئی سیاسی لیڈرس اور صحافیوں کو جیل میں ڈال کر جمہوریت کو ٹھیس پہنچائی۔ انہوں نے حیدرآباد میں اٹل بہاری واجپائی کی 100 ویں یوم تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت، دستور اور امبیڈکر کے معاملہ میں بی جے پی کو کانگریس کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

OO

گزشتہ رات سے حیدرآباد سمیت تلنگانہ کے بعض علاقوں میں اوسط بارش درج کی گئی ہے جبکہ رنگاریڈی، میڑچل، ملکاجگری، یدادری بھونگیر اور دیگر اضلاع میں آج بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے دفتر نے کہا کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

OO

سڑکوں اور عمارتوں کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ پرتیک فاؤنڈیشن کے ذریعہ نلگنڈہ گورنمنٹ جنرل ہاسپٹل میں 30 لاکھ روپے کی لاگت سے نیونیٹل (Neonatal) کیر سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ وزیر نے آج دواخانہ کے احاطہ میں اِس مرکز کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اِس سہولت سے نومولود بچوں کے مسائل کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔

OO

عہدیداروں نے یاسنگی زرعی سیزن کے لئے سری رام ساگر ذخیرہ آبا سے کاکتیا کنال کو آبپاشی کا پانی جاری کیا۔ پروجیکٹ سوپر وائزنگ انجینئر سرینواس راؤ گپتا نے بتایا کہ اس وقت 3 ہزار کیوزکس پانی جاری کیا جارہا ہے اور اس مقدار میں جلد ہی اضافہ کرتے ہوئے 5500 کیوزکس کردیا جائے گا۔

OO

نائب صدر جگدیپ دھنکر نے آج ضلع میدک کے کونڈی پلی منڈل میں واقع کرشی وگیان کیندرا کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اِس مرکز پر کسانوں کے پروگرام میں شرکت کی اور تقریباً ایک ہزار کسانوں کے ساتھ بات چیت کی۔